© rasailojaraid.com



بھی پیش کئے گئے ہیں۔

ضخامت ۲۰۰ صفحے۔ کاغذ معمولی، کتاب بے جلد ہے۔ اور قیمت تین روپے۔

**تخلیق عالم۔ حقیقت محمدیہ و دین محمدی کا پس منظر۔ مرتبہ مولانا ابو احمد عبداللہ لودہانوی**

زیر نظر کتاب میں "تخلیق عالم کے وقت سے حقیقت محمدیہ کے موجود ہونے کا ثبوت پیش کیا گیا ہے، جس سے آپ کا ابتدائے خلق سے اولاً و آخراً سرمداً نبی اللہ ہونا ثابت ہوتا ہے" بلکہ بقول مرتب کے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ تخلیق عالم کے لئے آپ بمنزلہ علتِ غائیہ کے ہیں۔

کتاب کے شروع میں تخلیق کائنات سے بحث کی گئی ہے، اور اسرائیلی روایات کے حوالے سے دنیا کی عمر بتائی گئی ہے اگرچہ ایک جگہ مرتب نے فرمایا ہے کہ "بہر حال رات اور دن کے الٹ پھیر کے واقعی اسباب خواہ کچھ ہی ہوں، زمین گھومتی ہو یا آفتاب چکر لگا رہا ہو۔ یا آسمان گردش میں ہو۔ قرآنی مباحث کے دائرے سے یہ سوالات خارج ہیں" اور اس کی تائید میں حضرت مولانا انور شاہ صاحب مرحوم کا یہ ارشاد بھی نقل کیا ہے۔

> "اس سلسلے میں اپنی تعبیروں کو عام انسانی احساسات کے مطابق اگر قرآن رہنے نہ دیتا مثلاً رات دن کے اسی قصے میں اعلان کر دیتا کہ زمین کی گردش کا یہ نتیجہ ہے تو مطلب اس کا یہی ہوتا کہ جب تک زمین کی گردش کا مسئلہ طے نہ ہوتا، قرآن پر ایمان لانے سے لوگ محروم رہتے۔"

کتاب میں حضرت آدم کی پیدائش پر بھی بحث ہے، اور بتایا گیا ہے کہ وہ کب پیدا ہوئے۔ کہاں پیدا کئے گئے۔ کس چیز سے پیدا کئے گئے۔ وہ کہاں ٹھہرے۔ زمین پر کہاں اتارے گئے۔ وہ کس دن فوت ہوئے۔ اور ان کی نماز جنازہ کس طرح پڑھی گئی۔

اس تمہید کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت پاک کا آغاز ہوتا ہے۔ مرتب نے یہ ثابت کیا ہے کہ "نبوت محمدیہ باقی نبوتوں کا منبع اور مخزن ہے۔ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سرچشمۂ نبوت و نقطۂ فیض اور دائرۂ نبوت میں فاتح و خاتم ہیں۔ آپ ہی سے نبوت چلی اور آپ ہی پر آکر ر منتہی بھی ہوئی۔۔۔" آخر میں ختم نبوت کے مسئلے پر بڑی تفصیل سے بحث کی گئی ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



زیر نظر کتاب دارالعلوم نعمانیہ گوجرانوالہ کے "سلسلہ تبلیغ واشاعت" کی سترھویں تالیف ہے اور یہ کتابیں غیر اسلامی تعلیم یافتہ فرزندان اسلام اور غیر مسلموں کی رہنمائی کے لئے شائع کی جاتی ہیں جہاں تک اس مقصد کا تعلق ہے، اس کے نیک اور بابرکت ہونے میں کسے کلام ہوگا۔ لیکن اگر دارالعلوم مذکورہ تبلیغ اسلام کے لئے اسی طرح کی کتابیں شائع کر رہا ہے، جیسی کہ یہ ہے تو ہمیں اس کوشش کے مفید و موثر ہونے میں شک ہے۔

کتاب پر قیمت نہیں۔ ضخامت ۸۰ صفحات ناشر شعبۂ نشر واشاعت دارالعلوم نعمانیہ۔ گوجرانوالہ

## قرآن پاک اور آسمانی کتابیں

اس کتاب میں کتاب اللہ اور احادیث شریفہ کے انوار میں علم و سائنس کے ظاہر کردہ معلومات کا سراغ لگانے اور ان کو جانچنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اور یہ ثابت کیا گیا ہے کہ خلار، ماوراء خلا اور افلاک و سماوات کے بارے میں جو انکشافات ہو رہے ہیں، ان کا قرآن پاک اور احادیث شریفہ کے ارشادات سے تصادم نہیں ہوتا۔

مصنفہ معین الدین رہبر فاروقی صفحات ۲۲۴۔ قیمت ۳ روپے

ملنے کا پتہ { محمد رحیم الدین ایڈوکیٹ ۔ ۸۵/۷ پیر الٰہی بخش کالونی۔ کراچی ۵
مؤلف سے بیرون یاقوت پورہ حیدرآباد دکن۔ انڈیا۔ }

## لمحات (عربی)

حضرت شاہ ولی اللہ کے فلسفۂ تصوف کی یہ بنیادی کتاب عرصے سے نایاب تھی۔ مولانا غلام مصطفٰے قاسمی کو اس کا ایک پرانا قلمی نسخہ ملا موصوف نے بڑی محنت سے اس کی تصحیح کی اور شاہ صاحب کی دوسری کتابوں کی عبارات سے اس کا مقابلہ کیا اور وضاحت طلب امور پر تشریحی حواشی لکھے۔ کتاب کے شروع میں مولانا کا ایک مبسوط مقدمہ ہے۔

قیمت دو روپے

## شاہ ولی اللہ اکیڈمی۔ صدر حیدرآباد (پاکستان)

© rasailojaraid.com